Press Release

April 28, 2017

For immediate release

ایس ای سی پی نے تحقیقی تجزیہ نگاروں کے لئے سرٹیفیکیشن کورس کی منظوری دے دی

اسلام آباد(۲۸اپریل)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سٹاک مارکیٹ اور کیپٹل مارکیٹ کے تحقیقی تجزیہ نگاروں کے لئے ضروری مہارت حاصل کرنے کے لئے سرٹیفیکیشن کی شرط عائد کر دی ہے اور اس حوالے سے سرٹیفیکیشن کورس کی بھی منظوری دے دی گئی ہے۔ مارکیٹ پر ریسرچ رپورٹ جاری کرنے والے تمام تجزیہ نگاروں کے لئے اب لازمی ہو گا کہ وہ انسٹی ٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹ آف پاکستان سے ضروری سرٹیفیکیشن حاصل کریں۔اس سرٹیفیکیشن کا مقصد امارکیٹ میں کام کرنے والے تجزیہ نگاروں کی تکنیکی اہلیت میں اضافہ کرنا اور اس شعبے کا معیار بہتر بنانا ہے۔

اس ضروری انضباطی شرط پر عمل درآمد کے لئے، تمام موجودہ تحقیقی تجزیہ نگاروں کو چھ ماہ کا وقت دیا گیا ہے تاکہ وہ یہ سرٹیفیکیشن حاصل کریں جبکہ اس شعبے میں نئے داخل ہونے والوں کے لئے لازمی ہو گا کہ وہ ایس ای سی پی کے ساتھ بطور ریسرچ ادارہ یا تحقیقی تجزیہ نگار رجسٹرڈ ہونے کے چھ ماہ کے اندر اندر اس سرٹیفیکیشن کا مکمل کریں۔ اس سرٹیفیکین سے مارکیٹ بارے ریسرچ فراہم کرنے والوں کا معیار بہتر ہو گا اور سرمایہ کاروں کو بہتر رائے حاصل ہو گی۔